★★★★★★

ABC CERTIFIED

قسم ھے قلم کی اور جو کچھ لکھتے ھیں ، القرآن

اسلام آباد، پشاور، لاہور، ملتان، رحیم یار خان، مظفر آباد، کراچی، فرینکفرٹ، لندن اور گلگت بلتستان سے روزانہ شائع ہونیوالا پہلا اردو اخبار

E-mail:ausaf@dsl.net.pk اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار http://www.dailyausaf.com

روزنامہ اوصاف اسلام آباد

DAILY AUSAF ISLAMABAD

چیف ایڈیٹر: مہتاب خان ایڈیٹر: محسن بلال خان

TUESDAY, NOVEMBER 17, 2026

Registered ID 174

جلد: 28 منگل، 6 جمادی الثانی، 1448ھ، 17 نومبر 2026ء، 2 مگھر 2083ب، صفحات 8 قیمت 30 روپے شمارہ: 329

کینٹونمنٹ بورڈ بنوں

سرمایہ کاری کا سنہری موقع

عوام الناس کو بذریعہ ہذا نوٹس مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ بنوں اپنی حدود میں واقع کینٹ بورڈ پلازہ، اولڈ جی۔ٹی۔ایس سائٹ، بنوں کینٹ میں درجہ ذیل دس (10) عدد دوکانات کے حقوق کرایہ داری کا نیلام عام قابل واپسی سکیورٹی اور ماہانہ کرایہ کی بنیاد پر کرنے کا خواہاں ہے۔ جسکا ابتدائی عرصہ سات (07) سال ہوگا اور اس کے بعد کینٹ بورڈ کو دوبارہ نیلام عام کرنے یا حقوق کرایہ داری کو مزید چودہ (14) سال تک تجدید کرنے کا اختیار ہوگا۔ ہر تجدید حقوق کرایہ داری عرصہ سات (07) سال پر محیط ہوگی۔ جسکی نیلامی مورخہ 02.12.2026 بوقت 10:00 بجے دن دفتر ہذا میں منعقد ہوگی۔ مذکورہ تاریخ کو اگر ناگزیر وجوہات کی بنا پر نیلام عام نہ ہو سکا یا مناسب بولی نہ آنے کی صورت میں دوبارہ نیلام عام مورخہ 03.12.2026 اور سہ بارہ بولی مورخہ 04.12.2026 کو منعقد ہوگا۔ خواہشمند حضرات اس سنہری موقع سے فائدہ اٹھانے کے لئے مذکورہ نیلام عام میں شرکت فرمائیں۔ دیگر تفصیلات درج ذیل ہیں۔

نمبر شمار	تعداد دوکانات اور نمبر	محل وقوع	کال ڈیپازٹ	سکیورٹی (قابل واپسی)
1	10 عدد دوکانات (دوکان نمبر 18، 19، 22، 24، 34، 35، 42، 43، 44، 45)	کینٹ بورڈ پلازہ، اولڈ جی۔ٹی۔ایس سائٹ، بنوں کینٹ	مبلغ (-/Rs.4,00,000) چار لاکھ روپے فی دوکان	ابتدائی عرصہ مبلغ (-/Rs.4,00,000) چار لاکھ روپے فی دوکان
				پہلی تجدید مبلغ (-/Rs.4,00,000) چار لاکھ روپے فی دوکان
				دوسری تجدید مبلغ (-/Rs.2,00,000) دو لاکھ روپے فی دوکان
				کل سکیورٹی مبلغ (-/Rs. 10,00,000) دس لاکھ روپے فی دوکان

نیلامی کی شرائط و ضوابط:۔1. ہر دوکان کے ماہانہ کرائے کا نیلام عام الگ الگ سرکاری بولی سے کیا جائے گا جس کا اعلان موقع پر کیا جائے گا۔ 2. خواہشمند افراد کو بولی میں حصہ لینے کے لئے ہر دوکان کا الگ الگ پے آرڈر بطور رضاکانہ (قابل واپسی) مندرجہ بالا رقم کے مطابق بنام کینٹ ایگزیکٹیو آفیسر بنوں کینٹ ہمراہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی نیلامی کے آغاز سے پہلے جمع کروانا ہوگا۔ جو کہ نیلامی کے اختتام پر ماسوائے کامیاب بولی دہندہ اور دوسرے نمبر پر کامیاب بولی دہندہ قابل واپسی ہوں گے۔ 3. کامیاب بولی دہندہ سکیورٹی (قابل واپسی) کی مد میں کل مبلغ -/Rs. 10,00,000 روپے جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ کامیاب بولی دہندہ ابتدائی 07 سال کے عرصہ کے لئے مبلغ -/Rs.4,00,000 بولی کی منظوری کے بعد 07 یوم کے اندر اندر جمع کرائے گا۔ اور مبلغ -/Rs. 4,00,000 روپے دوسرے عرصہ کی تجدید کے موقع پر جمع کرائے گا اور مبلغ -/Rs. 2,00,000 تیسری اور آخری تجدید کے موقع پر جمع کرائے گا۔ 4. بولی دہندہ بذات خود یا اپنے قانونی مختار کی وساطت سے بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔ 5. کامیاب بولی دہندہ کے علاوہ دوسرے نمبر پر زیادہ بولی دینے والے شخص کی زر رضامندی دفتر ہذا میں جمع رہے گی۔ اگر سب سے زیادہ بولی دینے والا پراپرٹی لینے میں ناکام رہا اور شرائط پوری نہ کر سکا تو اسکی جمع شدہ زر رضامندی بحق کینٹ بورڈ بنوں ضبط تصور کرلی جائے گی۔ اسی طرح دوسرے نمبر پر زیادہ بولی دینے والی کو اگر کینٹ بورڈ پراپرٹی آفر کرتا ہے تو وہ لینے کا پابند ہوگا۔ اگر وہ بھی نیلامی کی شرائط وضوابط سے احتراز کرتا ہے یا تاخیر کرتا ہے تو اسکی جمع شدہ زر رضامندی بھی بحق کینٹ بورڈ بنوں ضبط تصور کرلی جائے گی۔ 6. کامیاب بولی دہندہ ماہانہ کرایہ ہر ماہ کی (5) پانچ تاریخ سے قبل لازمی جمع کرانے کا پابند ہوگا نیز کرایہ دار تمام یوٹیلیٹی بلز اور دیگر ٹیکسز بھی ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ کامیاب بولی دہندہ ماہانہ کرایہ ہر ماہ کی (5) پانچ تاریخ تک کرایہ جمع نہیں کرواتا تو کینٹ بورڈ یومیہ (کرایہ کا 12 فیصد) کے حساب سے جرمانہ لگانے کا مجاز ہوگا۔ اور حقوق کرایہ داری بھی ختم کی جاسکتی ہے۔ 7. حقوق کرایہ داری کا ابتدائی عرصہ سات (07) سال ہوگا اور اس کے بعد کینٹ بورڈ کو دوبارہ نیلام عام کرنے یا حقوق کرایہ داری کو مزید چودہ (14) سال تک تجدید کرنے کا اختیار ہوگا۔ ہر تجدید حقوق کرایہ داری عرصہ سات (07) سال پر محیط ہوگی۔ 8. کرایہ دار کو کرایہ داری حقوق کی پہلی اور دوسری مدت کی تجدید و توسیع پر انکار کا پہلا حق حاصل ہوگا۔ اگر موجودہ کرایہ دار حقوق کرایہ داری کی توسیع حاصل کرنے سے انکار کرتا ہے تو دوکان کے کرایہ داری کے حقوق دوبارہ نیلام عام کیے جائیں گے۔ 9. مذکورہ کرایہ داری کی مدت ختم ہونے اور مزید تجدید نہ کرانے کی صورت میں کرایہ دار بغیر کسی شرط اور کسی بھی عدالت سے رجوع کے بغیر تمام دوکانات اور دوکان کینٹ بورڈ بنوں کو پرامن طور پر حوالے کرنے کا پابند ہوگا۔ 10. کامیاب بولی دہندہ مجاز اتھارٹی کی منظوری ہونے کے بعد پندرہ (15) یوم کے اندر معاہدہ کرایہ داری کے لئے موزوں مالیت کے غیر عدالتی کاغذ (اسٹامپ پیپر) خرید کر (جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ اور معاہدہ کرایہ داری کی رجسٹریشن ایکٹ 1908 کے تحت سب رجسٹرار کے پاس رجسٹر کروانے کا پابند ہوگا۔ 11. ابتدائی سات (07) سال مکمل ہونے کے بعد پہلی تجدید حقوق کرایہ داری کے موقع پر کرایہ دار کو پچیس فیصد (25%) کل سیکورٹی کی رقم کے مساوی مزید سکیورٹی جمع کرانا ہوگی۔ اور اسی طرح دوسری/آخری مرتبہ تجدید حقوق کرایہ داری کے موقع پر بھی کرایہ دار کو پچیس فیصد (25%) کل سیکورٹی کی رقم کے مساوی مزید سکیورٹی جمع کرانا ہوگی۔ یہ تمام سکیورٹی کی رقم مدت کرایہ داری مکمل ہونے کے بعد قابل واپسی ہوگی۔ 12. ہر سال کرایہ کی مد میں دس فیصد (10%) اضافہ ہوگا اور جو کہ مہنگائی کی موجودہ شرح کو ایڈجسٹ کرنے کے لیے کسی بھی معقول رقم تک ہو سکتا ہے۔ 13. کامیاب بولی دہندہ بولی کی حتمی منظوری کے بعد مذکورہ دوکانات کسی بھی شخص کو بورڈ کی اجازت سے منظور شدہ فیس کی ادائیگی کے بعد Sublet کر سکتا ہے۔ جس کے لئے اصل کرایہ دار (Existing Tenant) کسی دوسرے Sub-tenant (نیا کرایہ دار) کے ساتھ کرایہ داری کے مرکزی معاہدے کی دفعات کے عین مطابق صرف بقایا مدت کرایہ داری کی حد تک ہی تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا۔ 14. کامیاب بولی دہندہ بولی کی حتمی منظوری کے بعد مذکورہ دوکانات کے حقوق کرایہ داری کسی بھی شخص کو بورڈ کی اجازت سے منظور شدہ فیس کی ادائیگی کے بعد منتقل (Transfer) کر سکتا ہے۔ مزید برآں، نیا کرایہ دار حقوق کرایہ داری کی منتقلی کے موقع پر دوکانات کی پہلے سے ادا شدہ سکیورٹی کے مساوی رقم بھی کینٹ بورڈ میں جمع کرانے کا پابند ہوگا یہ رقم پہلے کرایہ دار کو ادا شدہ قابل واپسی سکیورٹی کی مد میں واپس کر دی جائے گی۔ 15. حقوق کرایہ داری کی منتقلی کے بعد نیا کرایہ دار صرف بقایا مدت کرایہ داری کی حد تک ہی کینٹ بورڈ کے ساتھ نیا معاہدہ تحریر کرنے کا پابند ہوگا۔ 16. کامیاب بولی دہندہ گورنمنٹ پالیسی کے مطابق ماہانہ کرائے کے ساتھ گورنمنٹ کے مروجہ قانون کے تحت ٹیکسز جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ 17. ماہانہ کرایہ قبضہ دینے کی تاریخ سے لاگو ہوگا۔ 18. دوکانات کے حقوق کرایہ داری کینٹونمنٹ بورڈ پراپرٹی رولز 1957 اور نظر ثانی شدہ کینٹ فنڈز پراپرٹی گائیڈ لائنز اور پالیسی 2024 کے تابع ہوگی۔ 19. پانی، بجلی، گیس وغیرہ کے حصول کے لئے کرایہ دار خود متعلقہ اداروں سے کنکشن حاصل کریگا۔ جسکے لئے ضروری اجازت نامہ (NOC) دفتر کینٹ بورڈ بنوں سے حاصل کیا جائے گا اور تمام یوٹیلیٹی بلوں کی بروقت ادائیگی کرایہ دار کی ذمہ داری ہوگی۔ 20. کسی بھی ادارے بشمول کینٹ بورڈ سے بلیک لسٹڈ یا کسی بھی مد میں ڈیفالٹر اور غیر ملکی کو نیلامی میں حصہ لینے کی اجازت نہ ہوگی۔ 21. زیر دستخطی کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ کسی بھی بولی کو منظوری سے پہلے وجہ بتا کر (i) PPRA Rules-33 کے تحت مسترد کر دے۔ 22. کسی تنازعہ کی صورت میں معاملہ برائے عالمی ڈائریکٹر مطلوبی لینڈ زاینڈ کینٹونمنٹس پشاور کو بھجوا دیا جائے گا۔ جس کا فیصلہ حتمی ہوگا اور بولی دہندہ کسی عدالت میں چیلنج کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔ مندرجہ بالا شرائط وضوابط مطلوبی لینڈ زاینڈ کینٹونمنٹس ڈیپارٹمنٹ کی منظور شدہ پالیسی کے تحت مرتب کی گئی ہیں۔ دیگر معلومات دفتری اوقات کار میں حاصل کی جاسکتی ہیں نیز کسی بھی یوم دفتری اوقات کار میں سائٹ کا معائنہ بھی کر سکتے ہیں۔

المشتہر: کینٹ ایگزیکٹیو آفیسر بنوں کینٹ